The Absolute Reality

www.quran4u.com

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ

اور راستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا راستہ دکھایا اور تنگدست پایا تو غنی کردیا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندهري)

سورۃ الضحیٰ

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وَالضُّحَىٰ (1)

آفتاب کی روشنی کی قسم

وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَىٰ (2)

اور رات کی (تاریکی کی) جب چھا جائے

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَىٰ (3)

کہ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارے پروردگار نے نہ تو تم کو چھوڑا اور نہ (تم سے) ناراض ہوا

وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولَىٰ (4)

اور آخرت تمہارے لئے پہلی (حالت یعنی دنیا) سے کہیں بہتر ہے

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ (5)

اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے

أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ (6)

بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی

(بیشک دی)

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ (7)

اور رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا راستہ دکھایا

وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ (8)

اور تنگدست پایا تو غنی کر دیا

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ (9)

تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا

وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ (10)

اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دیں

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (11)

اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا بیان کرتے رہنا

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com